## ڈیرہ اسماعیل خان میں بم دھماکوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## دہشت گردی کے ذریعے معصوم لوگوں کا خون بہانے والے انسانیت کے دشمن ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔4 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیرہ اسماعیل خان میں بم دھماکوں کی شدید مذمت کی ہے اور بم دھماکوں کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر شدید افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اور جو عناصر بھی دہشت گردی کی ان کارروائیوں کے ذریعے معصوم لوگوں کا خون بہارہے ہیں وہ انسانیت کے دشمن ہیں۔انہوں نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے واقعات کی روک تھام کی جائے اور دہشت گردی کے واقعات میں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے واقع میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم صوبہ سرحد بنوں کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے رکن فرقان ہاشمی کو نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے اغواء کرکے بہیمانہ طریقے سے قتل کردیا

## فرقان ہاشمی کو 25 دسمبر کو اغوا کیا گیا تھا، آج مسخ شدہ لاش ملی، فرقان ہاشمی کو ذبح کیا گیا اور سر پر گولی ماری گئی

## فرقان ہاشمی شہید کتابوں کے تاجر تھے، ایم کیوایم کے ذمہ دار ہونے کے ساتھ ساتھ سماجی کارکن بھی تھے

بنوں۔۔۔ 4 جنوری 2009ء۔۔۔ایم کیوایم صوبہ سرحد بنوں کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے رکن فرقان ہاشمی کو نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے اغواء کرکے بہیمانہ طریقے سے قتل کردیا۔تفصیلات کے مطابق 35 سالہ فرقان ہاشمی کو 25 دسمبر کو بنوں سے اغوا کیا گیا تھا۔انکے اغواء کی رپورٹ بنوں سٹی پولیس اسٹیشن میں درج تھی لیکن پولیس انہیں بازیاب نہ کراسکی۔آج صبح فرقان ہاشمی کی مسخ شدہ لاش ملی۔فرقان ہاشمی کو ذبح کیا گیا تھا اور ان کے سر پر گولی بھی ماری گئی تھی۔فرقان ہاشمی شہید کتابوں کی تجارت کرتے تھے اور ان کی بنوں کی مارکیٹ میں بڑی دکان تھی۔فرقان ہاشمی شہید ایم کیوایم کے ذمہ دار ہونے کے ساتھ ساتھ ایک سماجی کارکن بھی تھے اور انکے اغوا اور بہیمانہ قتل پر بنوں کے تاجروں اور عام شہریوں میں غم اور افسوس کی لہر دوڑ گئی ہے۔فرقان ہاشمی شہید شادی شدہ تھے اور انکے چار بچے تھے۔فرقان ہاشمی شہید کو آج بنوں کے مقامی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔ان کے جنازے میں ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داروں، تاجروں، دکانداروں اور لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم صوبہ سرحد بنوں کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے رکن فرقان ہاشمی کے بہیمانہ قتل پر الطاف حسین کا شدید اظہار مذمت۔اہل خانہ سے دلی تعزیت

## فرقان ہاشمی کا اغواء اور بہیمانہ قتل انتہائی سفاکانہ کارروائی ہے۔الطاف حسین

## فرقان ہاشمی شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ایم کیوایم رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم صوبہ سرحد کا مطالبہ

لندن۔۔۔4 جنوری 2009ء۔۔۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے نامعلوم دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم صوبہ سرحد بنوں کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے رکن فرقان ہاشمی کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ فرقان ہاشمی کو چندروز قبل نامعلوم دہشت گردوں نے اغوا کیا تھا اور کئی روز تک بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد انہیں آج سفاکانہ طریقے سے ذبح کردیا گیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ انتہائی سفاکانہ کارروائی ہے اور ہم اس سفاکانہ واقعہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، مشیر داخلہ رحمٰن ملک اور صوبہ سرحد کی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فرقان ہاشمی شہید کے سفاک قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزادی جائے۔جناب الطاف حسین نے فرقان ہاشمی شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ فرقان ہاشمی شہید کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، انہیں شہادت کا درجہ عطا کرے اور انکے تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم صوبہ سرحد کے آرگنائزر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی فرقان ہاشمی شہید کے اغوا اور بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔انہوں نے فرقان ہاشمی شہید کے لواحقین سے بھی دلی تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کیلئے دعائے مغفرت کی۔

## کارکنان وحق پرست عوام ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سرفراز احمد کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔4جنوری2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سرفراز احمد کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کوصحت کاملاں عطا کرے اوران کی عمر دراز کرے۔جناب الطاف حسین نے کارکنوں اورحق پرست عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ سرفراز احمد کی والدہ کی صحتیابی اوردرازی عمر کیلئے دعا کریں۔سرفراز احمد کی والدہ محترمہ بیب النساء صدیقی کواچانک حالت خراب ہونے پرلندن کے مقامی اسپتال میں داخل کیا گیا ہے جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

## فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے سلسلے میں حق پرست وزراء رضا ہارون اوررؤف صدیقی کی مفتی منیب الرحمٰن،مولانا غلام علی وزیری سے ملاقات حق پرست ارکان اسمبلی سفیان یوسف،شیخ صلاح الدین اورانورعالم کاامام بارگاہوں کادورہ،مجالس میں شرکت

کراچی۔۔۔4،جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کےصوبائی وزراء رضا ہارون اوررؤف صدیقی نے معروف عالم دین ورویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین مفتی منیب الرحمٰن اورممتاز عالم دین مولانا غلام علی وزیری سے ملاقاتیں کیں اوران سےمحرم الحرام کے موقع پرفرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا کےفروغ کیلئے اپنا ہرممکن کردارادا کرنے کی اپیل کی۔ملاقات میں مفتی منیب الرحمٰن اورمولانا غلام علی وزیری نےحق پرست وزراء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام مقدس مہینہ ہےاوراس مہینے کے دوران تمام مسالک اورفقہ کے ماننے والوں کوایک دوسرے کے جذبات کا خیال رکھنا چاہئے اورایسی باتوں سے اجتناب کرنا چاہئے جس سے کسی بھی فقہ اورمسلک کے ماننے والے کی دل آزاری ہو۔انہوں نےعوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام میں شرپسند اور سازشی عناصر پرکڑی نظر رکھیں اوراپنے اتحاد کا بھرپور مظاہرہ کریں۔مفتی منیب الرحمٰن اورمولانا غلام علی وزیری نے فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کوسراہا اورانہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما جس طرح متحرک رہتے ہیں وہ قابل تعریف ہے۔اس موقع پرایم کیوایم کی کمیٹی کے اراکین مولانا شاہ فیروزالدین رحمانی،مولانا محمد ناصریامین،انوررضا اورنورمحمد بھی موجود تھے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین،سفیان یوسف اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی انورعالم نے انچولی امام بارگاہ اوراسلامک ریسرچ سینٹر عائشہ منزل کا دورہ کیا اور یہاں منعقدہ مجالس میں شرکت کی۔اس موقع پرایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین بھی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے امام بارگاہوں کے باہر لگائے گئے ایم کیوایم کےطبی واستقبالی کیمپوں کا دورہ بھی کیا اور یہاں خدمات انجام دینے والے کارکنان کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پرگفتگو کرتے ہوئے حق پرست ارکان اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم محرم الحرام کےموقع پر بھائی چارے اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کیلئے ہرممکن کوششیں کرتی ہے اوراس مرتبہ بھی ایم کیوایم عملی طور پراپنا کردارادا کررہی ہے۔

## چرچوں کوخصوصی سیکورٹی فراہم کی جائے،حق پرست رکن قومی اسمبلی منورلعل کلفٹن اورکورنگی کے متاثرہ چرچوں کے دورے کے موقع پر پادریوں اوراہل محلّہ سے گفتگو

کراچی۔۔۔4،جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منورلعل نے شاہ رسول کالونی کلفٹن اورکورنگی میں گرجا گھروں کا دورہ کیا اورشرپسند عناصر کی جانب سے توڑ پھوڑ اور بےحرمتی کے واقعات کی مذمت کی۔اس موقع پرایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین اورحق پرست سٹی کونسلر بھی انکے ہمراہ تھے۔منورلعل نے پادریوں اوراہل محلّہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ مذہبی رواداری اورہم آہنگی پریقین رکھتی ہے اور جوکوئی بھی اس اشتعال انگیز واقعہ میں ملوث ہےاسے قانون کی گرفت میں لیکرسخت سے سخت ترین سزادی جانی چاہئے۔انہوں نے مسیحی عوام سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ گرجا گھروں کوخصوصی سیکورٹی فراہم کی جائے تاکہ شرانگیز عناصر کی مذہبی جذبات کومجروح کرنے اورامن وامان کی فضا کوسبوتاژ کرنے کی سازشوں کوناکام بنایا جاسکے۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن خالد محمود کی ہمشیرہ خالدہ پروین انتقال کر گئیں

## مرحومہ کی نماز جنازہ الفلاح مسجد ایف سی ایریا پیر کو بعد نماز ظہر ادا کی جائے گی

## رابطہ کمیٹی، شعبہ اطلاعات، نیوز، فوٹو، ویڈیو سیکشنز اور میڈیا کمیٹی سمیت نائن زیرو کے شعبہ جات کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4رجنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن خالد محمود کی چھوٹی ہمشیرہ محترمہ خالدہ پروین علالت کے باعث اتوار کی صبح اچانک انتقال کرگئی (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔مرحومہ کی عمر 30 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھی، مرحومہ کے سوگواران میں شوہر، چار بچے، والدین اور بہن بھائی شامل ہیں۔مرحومہ خالدہ پروین کو کچھ عرصہ سے دماغ میں رسولی کا شکایت تھی، ہفتہ اور اتوار کی شب انکی حالت خراب ہونے کے باعث انہیں فوری طور پر جناح اسپتال لیجایا گیا جہاں ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔دریں اثناء خالد پروین مرحومہ کی تدفین 5،جنوری بروز پیر بعد نماز ظہر اورنگی ٹاؤن ساڑھے گیارہ کے قبرستان میں کی جائے گی۔مرحومہ کی نماز جنازہ الفلاح مسجد ایف سی ایریا بلاک G69 میں مرحوم کی رہائشگاہ واقع فلیٹ نمبر 13 لیاقت آباد پر ادا کی جائے گی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، شعبہ اطلاعات نیوز، ویڈیو، فوٹو اور میڈیا کمیٹی سمیت نائن زیرو کے تمام ونگز و شعبہ جات کے ارکان نے خالد محمود سے انکی ہمشیرہ خالدہ پروین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی ہے اوران کے بلند درجات اور سوگواران صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن خالد محمود کی ہمشیرہ خالدہ پروین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4رجنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات ویڈیو سیکشن کے رکن خالد محمود سے ان کی ہمشیرہ خالدہ پروین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔دریں اثناء ایم کیوایم رابطہ کمیٹی لندن اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے بھی خالد محمود سے انکی ہمشیرہ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

☆☆☆☆☆